فوری ریلیز کے لیے: 15/8/2024 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کا کم آمدنی والے یوٹیلیٹی صارفین کے لیے توانائی کی استطاعت کی ضمانت کے پائلٹ پروگرام کا اعلان

اپنے گھروں کو مکمل طور پر بجلی پر چلانے والے کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے توانائی کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے اختراعی منصوبہ

اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ گھرانے بجلی کی لاگت کے لیے سالانہ آمدنی کے چھ فیصد سے زیادہ ادا نہ کریں

گورنر Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک کے پبلک سروس کمیشن (Public Service Commission, PSC) نے توانائی کی استطاعت کی ضمانت کے پائلٹ پروگرام کے نفاذ کی منظوری دے دی ہے۔ PSC کا فیصلہ کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے توانائی کی استطاعت کے پائلٹ پروگرام کے ڈیزائن اور نفاذ کے لیے ایک منصوبہ فراہم کرتا ہے جو +EmPower پروگرام کے ذریعے اپنی جگہ اور پانی کو گرم کرنے کے لیے مکمل طور پر بجلی فراہم کرتے ہیں۔ یہ پائلٹ پروگرام +EmPower پروگرام کے تقریباً 1,000 شرکاء کو بل کی مناسب مدد فراہم کرے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ بجلی کے اخراجات کی مد میں اپنی سالانہ گھریلو آمدنی کا چھ فیصد سے زیادہ ادا نہ کریں۔

گورنر Hochul نے کہا، "استطاعت ایک اولین ترجیح ہے، اور ہم نیو یارک کے کم آمدنی والے لوگوں کو ان کے گھروں میں بجلی فراہم کرنے میں مدد دینے کے لیے بہت زیادہ ضروری سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ توانائی کی استطاعت رکھنے کی ضمانت دے کر، ہم ریاست بھر میں سب سے زیادہ کمزور خاندانوں کے لیے صاف توانائی کو اپنانے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کر رہے ہیں"۔

توانائی کی استطاعت کی ضمانت کا خاکہ گورنر Hochul نے سب سے پہلے اپنے سنہ 2023 کے ریاستی خطاب میں بیان کیا تھا۔ کثیر سالہ پائلٹ پروگرام کے لیے فنڈنگ FY2025 کے ریاستی بجٹ میں $50 ملین کی تخصیص کے ذریعے فراہم کی گئی ہے۔

ضمانت کے اہل ہونے کے لیے، گاہک کے گھر کا کم آمدنی والے پروگراموں کے لیے آمدنی کی اہلیت کے معیار پر پورا اترنا لازمی ہے، جو کہ ریاست کی اوسط آمدنی کے 60 فیصد کے برابر یا اس سے کم سالانہ گھریلو آمدنی پر مقرر کیا گیا ہے؛ اور گاہک نے +EmPower پروگرام کے ذریعے بجلی بھی نصب کروائی ہو۔ +EmPower پروگرام، جو نیو یارک سٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر انتظام ہے، کم سے درمیانی آمدنی والے گھرانوں کے لیے بغیر لاگت اور سبسڈی کے توانائی کی بچت اور صاف توانائی کے اپ گریڈ فراہم کرتا ہے۔

یہ ضمانت کم آمدنی والے صارفین کے لیے توانائی کی استطاعت اور صاف توانائی کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے کئی دیگر پالیسیوں اور پروگراموں کو تیار کرتی ہے۔ اول، PSC کی سنہ 2016 میں قائم کردہ توانائی کی استطاعت کی ایک دیرینہ پالیسی ہے، جس نے کم آمدنی والے صارفین کے لیے ایک ہدف مقرر کیا ہے کہ وہ اپنی سالانہ گھریلو آمدنی کا 6 فیصد سے زائد بجلی کے بلوں میں ادا نہ کریں۔ یوٹیلیٹی انرجی افورڈیبلٹی پروگرام، جس کا انتظام بجلی اور گیس کی بڑی تقسیم کار کمپنیوں کے ذریعے کیا جاتا ہے، کم آمدنی والے صارفین کو ماہانہ درجے کی چھوٹ کے

ذریعے بل کی ادائیگی میں مدد فراہم کرتا ہے۔ مزید برآں، ریاست بھر میں کم سے درمیانی آمدنی والا پورٹ فولیو تقریباً 170 ملین ڈالر کی توانائی کی بچت کے اقدامات کی نمائندگی کرتا ہے جو کہ آمدنی کے لحاظ سے اہل گھرانوں کو سنہ 2020 سے 2025 تک سالانہ بنیادوں پر صاف توانائی کے حل تک رسائی کو بہتر بنانے کی ہدایت کرتا ہے۔

پی ایس سی کے چیئر Rory M. Christian نے کہا، "میں نیو یارک کے مکینوں کو ان کے گھرانوں کے لیے توانائی کے مؤثر مواقع میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے مالی وسائل فراہم کرنے میں گورنر Hochul کی لگن کو سراہتا ہوں۔ یہ کوشش کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے کایا پلٹ ثابت ہو گی، کیونکہ ہم کم آمدنی والے صارفین کے لیے توانائی کی استطاعت کو آگے بڑھاتے ہوئے، اپنے ہاؤسنگ سٹاک کو کاربن سے پاک کرنے کے یکساں اہم اہداف کو متوازن کرنا چاہتے ہیں"۔

نیو یارک سٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "ریاست نیو یارک کے پبلک سروس کمیشن کی جانب سے آج منظور کردہ توانائی کی استطاعت کی ضمانت کا منصوبہ اس بات کو یقینی بنانے کے ساتھ نیو یارک کی جاری وابستگی کو ظاہر کرتا ہے کہ تمام رہائشیوں کو صاف توانائی پر منتقلی کے فوائد تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔ یہ پروگرام +EmPower میں ایک دلچسپ اضافہ ہے، جس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ کس طرح کم اور درمیانی آمدنی والے گھرانے آرام دہ اور صحت مند رہنے کی جگہوں سے لطف اندوز ہوتے ہوئے توانائی کے کم اور مستقل بلوں سے فائدہ اٹھا سکیں گے"۔

نیو یارک کے سیکریٹری آف سٹیٹ Walter T. Mosley نے کہا، "موسمیاتی بحران اور استطاعت ہمارے رہائشیوں کو درپیش دو سب سے بڑے مسائل ہیں، اور گورنر Hochul کا جدید توانائی کی استطاعت کی ضمانت کا پائلٹ پروگرام دونوں کو حل کرنے میں مدد دے گا۔ یہ نیا پروگرام نیو یارک کے کم آمدنی والے مکینوں کو اپنے گھروں کو مکمل طور پر بجلی پر چلانے کی ترغیب دیتا ہے، جس سے وہ پیسے بھی بچا سکتے ہیں اور ریاست نیو یارک کو سبز بنانے میں اپنا حصہ بھی ڈال سکتے ہیں"۔

دفتر برائے عارضی اور معذوری میں امداد کی کمشنر Barbara C. Guinn نے کہا، "بجلی کے بل دینے کی استطاعت ہونے کی ضمانت کم آمدنی والے خاندانوں کو اپنے ماہانہ یوٹیلیٹی بلوں کو برداشت کرنے کے قابل بنائے گی جبکہ ان کے گھروں کو مکمل طور پر بجلی سے چلنے والا بنا کر قدرتی ایندھن پر انحصار کم کرے گی۔ نیو یارک ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں ایک قومی رہنماء کے طور پر بدستور قائم ہے، اور گورنر Hochul نے اس بات کو یقینی بنانے کی اہمیت کو تسلیم کیا ہے کہ تاریخی طور پر محروم اور پسماندہ علاقے صاف توانائی کی ان سرمایہ کاریوں سے فائدہ اٹھا سکیں"۔

پبلک یوٹیلیٹی لاء پراجیکٹ (Public Utility Law Project, PULP) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور کونسلر Laurie Wheelock نے کہا، "PULP اپنے آغاز سے ہی، +EmPower پروگرام کی طویل عرصے سے چیمپیئن رہی ہے۔ اب اس پائلٹ کے ذریعے ہم توانائی کی استطاعت کی ضمانت کو ایک ساتھ کام کرتے ہوئے دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں تاکہ حصہ لینے والے کم آمدنی والے ایک ہزار گھرانوں کو جو توانائی کے زیادہ بلوں سے نبردآزما ہوں، کو انتہائی ضروری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ PULP ان کوششوں کی قیادت کرنے پر گورنر کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے جو ریاست بھر کے کمزور گھرانوں کو حقیقی، ٹھوس فوائد فراہم کرتے ہوئے ہمارے موسمیاتی اہداف کو آگے بڑھانے میں مدد کرے گی۔ ہم ریاست کے ساتھ اپنا کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں تاکہ ان ضروری پروگراموں کو مزید نیو یارک والوں تک مضبوط بنایا جا سکے"۔

AARP نیو یارک سٹیٹ ڈائریکٹر Beth Finkel نے کہا، "AARP گورنر Hochul اور پبلک سروس کمیشن کی قیادت کی تعریف کرتا ہے کہ وہ ان لوگوں کے لیے توانائی کو مزید سستا بنانا جاری رکھے جو اپنے بڑھتے ہوئے یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ +EmPower جیسے پروگرام مستقبل کی توانائی کی پالیسی کے لیے ایک ٹھوس ماڈل کے طور پر کام کریں گے جو ناصرف کم آمدنی والے گھرانوں کی مدد کر سکتے ہیں بلکہ ان متوسط طبقے کے خاندانوں کی بھی مدد کر سکتے ہیں جو اپنی ضروریات پوری کرنے کی کوشش کر رہے ہیں"۔

مئی میں، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ نیو یارک ریاست ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے جس نے افراطِ زر میں کمی کے ایکٹ (Inflation Reduction Act, IRA) ہوم الیکٹریفیکیشن اینڈ اپلائنس ریبیٹس (Home Electrification and Appliance Rebates, HEAR) کا پہلا مرحلہ پیش کیا ہے۔ $39.6 ملین کی ابتدائی فارمولا گرانٹ نے نیو یارک کے +EmPower پروگرام کے دائرہ کار کو مزید وسیع کرتے ہوئے نیو یارک کے مزید مکینوں کو یہ موقع دیا کہ وہ اپنے گھروں میں توانائی کی بچت میں بہتری اور بجلی کی تنصیبات کو اپ گریڈ کرنے کے قابل ہو سکیں، جس سے توانائی کی قیمتوں میں کمی ہو اور وہ گھروں میں قدرتی تیل کو جلانے کے عمل سے دور ہوں۔ 14 جون کو، NYSERDA نے HEAR اور HER کی مراعات کے مکمل دائرۂ کار کے لیے محکمۂ توانائی کو درخواست جمع کرائی، جو IRA کی چھوٹ کی پیشکشوں کو درمیانی آمدنی والے رہائشیوں اور بڑی کم اور متوسط آمدنی والی کثیر خاندانی عمارتوں کے مالکان کے لیے توسیع نیز آلات کے لیے ریٹیل پوائنٹ آف سیل (point-of-sale, POS) فنڈنگ کے قابل بنائے گی۔

PSC کو توقع ہے کہ پائلٹ پروگرام کم آمدنی والے گھرانوں کی بجلی سے متعلق اہم معلوماتی خلا کو پُر کرے گا جیسے کہ بجلی کی بڑھتی ہوئی کھپت اور مختلف کسٹمرز اور ہاؤسنگ پروفائلز میں آپریٹنگ ہیٹ پمپس سے وابستہ لاگت، جبکہ توانائی کے بوجھ میں اضافے کو کم کرتا ہے۔ یہ بصیرتیں ہاؤسنگ کے شعبے کو کاربن سے پاک کرنے کو فروغ دینے کے لیے وسیع تر حکمتِ عملیوں سے آگاہ کریں گی جبکہ نیو یارک کے سب سے زیادہ کمزور لوگوں کے لیے توانائی کی استطاعت اور صارفین کے تحفظات کو ترجیح دیں گی۔

ریاست نیویارک کا ملک میں پہلا موسمیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کے کم از کم 35 فیصد فوائد کا رخ، جنکا مستقبل کا ہدف 40 فیصد ہو، غریب و پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ ملک کی چند جارحانہ ترین موسمیاتی اور صاف ستھری توانائی پر مبنی پیش رفتوں کے زیر رہنمائی، نیو یارک 1990 کی سطح سے موازنے میں، 2030 تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 40 فیصد تک کم اور 2050 تک اس سطح کو 85 فیصد تک کم کرنے کے لیے کوششوں کے ایک وسیع سلسلے کو آگے بڑھا رہا ہے، جن میں نیو یارک کیپ اینڈ انویسٹ پروگرام (New York Cap-and-Invest program, NYCI) اور دیگر سہارا بخش پالیسیز شامل ہیں۔ نیو یارک، 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کی راہ پر بھی گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک پوری معیشت کو کاربن اعتدال لانے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاریاں کرنا اس انقلابی تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 61 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں $28 بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے $6.8 بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے $3.3 بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے $3 بلین سے زائد، اورNY Green Bank کے وعدوں کی مد میں $2 بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ ان اور دیگر سرمایہ کاریوں نے سنہ 2022 تک نیو یارک کے کلین انرجی سیکٹر میں 170,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کی ہے، جبکہ سنہ 2011 کے بعد سے ڈسٹریبیوٹڈ سولر سیکٹر میں 3,000 فیصد سے زیادہ کی بڑھوتری لا چکی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ 400 سے زائد رجسٹر شدہ اور 130 سے زائد مصدقہ موسمیاتی اسمارٹ کمیونٹیز، 500 سے زائد صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور ریاست بھر میں 10 پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والے ریاست کے سب سے بڑے کمیونٹی اقدامات کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں